کوشش ہے۔ کائنات میں بکھری ہوئی آفاق وانفس کی نشانیوں پر تدبر وتفکر کی دعوت خود قرآن دیتا ہے۔ یہ کاوش دراصل اسی تعلیم کا عملی مظہر ہے۔ اس کتاب میں عہد حاضر کی علمی اور سائنسی پیش رفت کے نتیجہ میں حاصل ہونے والی معلومات کی روشنی میں بعض آیات کو سمجھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ جن موضوعات کا انتخاب کیا گیا ہے ان میں سے بیشتر کا تعلق بنی نوع انسان، عالم حیوانات، ارضیات اور فلکیات وغیرہ سے ہے۔ یہ مطالعہ ۳۲ عنوانات کے تحت کیا گیا ہے جن میں مراحل تخلیق انسانی، انسان کی اصل، حواس انسانی کی تخلیق، سمندر کی گہرائی اور اس کے اوصاف، آب حیات، آگ سے دہکتے ہوئے سمندر، بارش اور اولے، حقیقت کائنات، قرآنی اور سائنسی نظریہ، گردش شمس وقمر، شہاب ثاقب، پہاڑ زمین کی منخیں، لوہا۔ زمین پر آسمانی مہمان، شہد کی مکھیاں اور چیونٹیاں وغیرہ جیسے موضوعات شامل ہیں۔ آخری چند مضامین احادیث نبوی کے علمی اعجاز سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس حصہ میں تین مضامین شامل ہیں جن کی تفصیل یہ ہے۔ اسلامی طریقہ ذبح اور علم جدید، جزیرہ عرب میں باغات اور نہریں، اور برتن میں پھونکنے کی ممانعت۔

(۴) اسهل التجوید

مصنف : محمد الیاس الاعظمی

ناشر : ادب کدہ، مہراج پور، انور گنج، اعظم گڈھ

ملنے کا پتہ : ندوۃ التالیف والترجمہ، جامعۃ الرشاد، اعظم گڑھ

صفحات : ۵۶

قیمت : ۱۵ روپے

قرآن کریم کی عظمت واہمیت محتاج بیان نہیں، اسی طرح اسے پڑھنے پڑھانے سمجھنے سمجھانے اور اس کے علوم ومعارف کو عام کرنے کے جو فوائد وبرکات ہیں وہ بھی بالکل واضح ہیں۔ اس کتاب عزیز وعظیم کا اولین حق یہ ہے کہ اسے صحیح طور پر پڑھا جائے۔ یہی وجہ ہے کہ صحت قرأت کے اصول وقواعد منضبط کر کے باقاعدہ ایک فن